## سوال

(169) رکوع کے بعد ہاتھ باندھنے والی روایت کی تحقیق

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا مسند احمد میں سیدنا وائل رضی اللہ عنہ کے حوالے سے کوئی ایسی حدیث موجود ہے جس میں انھوں نے کہا ہو کہ میں نے نبی ﷺ کو دیکھا کہ آپ رکوع سے سر اٹھاتے تو رفع الیدین کرتے اور ہاتھ باندھ لیتے؟ اگر یہ حدیث موجود ہے تو آیا یہ صحیح ہے یا ضعیف وغیرہ تخریج کے ساتھ بیان کریں۔ (محمد شاہد میمن)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ روایت مسند احمد (ج4ص318) میں موجود ہے اور اس کے متن کے ساتھ استدلال میں نظر ہے تاہم اس کی سند بھی ضعیف ہے۔ سفیان ثوری مدلس ہیں اور عن سے روایت کررہے ہیں۔ غیر صحیحین میں مدلس کی عن والی روایت ضعیف ہوتی ہے۔ (شہادت، جولائی 2001)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1۔کتاب الصلاۃ۔صفحہ380

محدث فتویٰ